سوال

پلاٹ پر اس وقت تک زکوۃ نہیں جب تک ذاتی رہائش کی نیت ہو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے ذاتی رہائش کے لیے ایک پلاٹ خریدا تھا مگر تین سال بعد اس نے اس کے بیچنے کی نیت کرلی تاکہ نفع حاصل کرے، توکیا گزشتہ سالوں کی بھی زکوۃ اس کو ادا کرنی ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گزشتہ سالوں کی اس میں زکوۃ واجب نہ ہوگی کیونکہ اس وقت اس کی نیت ذاتی رہائش کی تھی لیکن جب اس نے اسے بیچنے اور اس سے نفع حاصل کرنے کی نیت کرلی تو اس پر ایک سال گزرنے کے بعد ہی زکوۃ واجب ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ 354